صحتِ تلفّظ
صحتِ تلفظ
مرتّبہ
م۔ب کیف عرفانی فاضل فارسی
ایم۔ اے (اردو) بی ایڈ
ناشر:
شاہین بک ڈپو کمیٹی بازار منڈی بہاؤالدین (گجرات)

صحتِ تلفّظ

مرتّبہ:

م۔ب۔ کیف عرفانی فاضل فارسی

ایم۔ اے (اُردو) بی ایڈ

جناب حسن شہناز اختر صاحب کے لیے
محبت کے ساتھ!

کیف عرفانی

: ناشر :

شاہین بک ڈپو کمیٹی بازار منڈی بہاؤالدّین (گجرات)

انتساب

اُن استادوں اور طالب علموں
کے نام جن کے دِل قومی زبان
کی محبّت سے دھڑکتے ہیں !!

جاوید ریاض پرنٹرز، رتیگن روڈ، لاہور

پی ڈی ایف by
سید حسین احسن
فیس بک گروپ
کتابیں پڑھئے
03145951212
03448183736

پہلی بات

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے انسان کو بیان و خطابت کی استعداد سے نوازا۔ زبان اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہے۔ اسی وجہ سے انسان کو دُوسری مخلوقات پر فوقیت و فضیلت حاصل ہوئی ہے انسان زبان ہی کے وسیلہ سے اپنے خیالات و نظریات اور جذبات و احساسات دُوسرے انسانوں تک پہنچاتا ہے۔ گذشتہ انسانوں کا علمی، ادبی اور تجرباتی ورثہ زبان ہی کے ذریعہ ہم تک پہنچا ہے۔ ہم بھی اپنی متاعِ علم و عرفان زبان ہی کے ذریعہ آئندہ نسلوں کے ذہن و دماغ میں منتقل کریں گے۔ حصولِ علم کے سلسلہ میں زبان کی اہمیت و افادیت محتاجِ اظہار نہیں ہے۔

انسان کو زبان و بیان پر جتنا زیادہ عبور ہوتا ہے اُتنی ہی اُس میں غور و فکر کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔ جس انسان کی زبان ناقص ہوتی ہے اس کی سوچ بھی ناقص ہوتی ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ہم زبان کے ذریعے ہی سوچتے ہیں۔

زبان کوئی بھی ہو جب اس زبان کو کوئی غلط لکھتا یا بولتا ہے تو اس زبان کے جاننے والوں کے دل پر جو گزرتی ہے کچھ وہی جانتے ہیں۔ کسی زبان کی تقریر و تحریر میں صحتِ زبان اور صحتِ تلفظ کو جو اہمیت حاصل ہے وہ ظاہر و باہر ہے۔ اُردو ہماری قومی زبان ہے

لیکن بڑے افسوس کا مقام کہ ہم پڑھتے اور پڑھاتے وقت اس کے اُست
تلفّظ کی طرف کما حقہٗ توجہ نہیں دیتے۔ اس گناہ کا ارتکاب سب سے
پہلے اساتذہ کرام کرتے ہیں۔

مجھے یہ عرض کرتے ہوئے کوئی حجاب محسوس نہیں ہوتا کہ ہم اساتذہ کو
کا اپنا تلفّظ بھی قابلِ رحم حد تک اصلاح طلب ہوتا ہے۔ تعلیم و تدریس خیر
ہیں ہم صحتِ تلفّظ کا کوئی خاص خیال نہیں رکھتے۔ مشکل الفاظ کے معانی یہ
بتاکر، مشکل عبارات کو آسان اُردو میں تبدیل کرکے اور مشقی سوالات طل
کو حل کرکے ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارا فرض پُورا ہو گیا ہے۔ ایک بچّہ
اگر کسی مشکل لفظ کے معنی نہیں بتا سکتا تو وُہ زیرِ عتاب آجاتا ہے لیکن
اگر قرأتِ کتاب کے وقت وُہ عبارت کے اکثر الفاظ غلط بھی پڑھ
جائے تو نہ اُسے گناہگار تصوّر کیا جاتا ہے اور نہ اصلاح کی
ضرورت ہی محسوس کی جاتی ہے شاعروں کی جو نظمیں شاملِ نصاب
ہوتی ہیں اُن پر بے رحمانہ مشقِ ستم روا رکھی جاتی ہے۔ صحیح نظم
خوانی کی تربیت دینا اور طلبہ میں ذوقِ استحسان پیدا کرنا ہم تضیعِ
اوقات خیال کرتے ہیں۔ اُستادوں اور شاگردوں کے ہاتھوں شعر
سخن کی وہ مٹی خراب ہوتی ہے کہ اگر اُن کے تخلیق کار بقیدِ حیات
ہوں تو وُہ نصاب مرتّب کرنے والوں کے خلاف عدالتی چارہ جوئی
سے بھی باز نہ آئیں۔ فارسی کا ایک شاعر کسی مدرسہ کے قریب
سے گزرا۔ طلبہ اس وقت اس کا کلام پڑھ رہے تھے۔ جب اس
نے سُنا تو آگ بگولہ ہو کر کہا تھا: "کدام حرامزادہ شعرِ مرا بہ مدرسہ برد"
"کون حرام زادہ میرا کلام مدرسہ میں لے گیا ہے"۔ تدریسِ زبان کیونکہ

اُستاد پر بہت عظیم ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اُستادِ محترم کے ہونٹوں سے جو لفظ پھسلتا ہے بچے فوراً اُسے ذہن و دماغ میں محفوظ کر لیتے ہیں۔ اُستاد کو یاد رکھنا چاہیئے کہ اس کی زبان کی لغزش سینکڑوں طلبہ کو غلط فہمی میں مبتلا کر سکتی ہے۔ طلبہ اپنے استاد کی زبان کو سند خیال کرتے ہیں۔ اعراب اور صحتِ تلفظ کے متعلق طلبہ نے اکثر میرے پاس پریشانی کا اظہار کیا ہے۔ اپنی زبان سے محبت کرنیوالے طلبہ کی فرمائش پر مَیں نے یہ کتابچہ مرتّب کیا ہے۔

مجھے اُمید ہے میری اس ناچیز کوشش سے اساتذہ اور طلبہ انشاء اللہ ضرور مستفید ہوں گے۔

مَیں نے اعراب لگانے اور تلفّظ واضح کرنے میں بہت تحقیق اور جُستجو سے کام لیا ہے۔ مَیں یہ بھی تسلیم کرتا ہُوں کہ انسان سہو و خطا کا پیکر ہے۔ اگر مجھ سے کہیں تسامح ہو گیا ہو تو مجھے مطلع فرمایئے مَیں شکر گزار ہُوں گا۔

الفاظ کا صحیح تلفّظ سیکھنے کے لئے حرکات سے آگاہی ضروری ہے۔ حرکات ان علامات کو کہتے ہیں جو الفاظ کا تلفّظ واضح کرنے کے لئے اُن کے مختلف حروف پر لگائی جاتی ہیں۔ اعراب و حرکات کی تفصیل درجِ ذیل ہے۔ اُنہیں اچھّی طرح ذہن نشین کر لیجئے

۱۔ زبر (َ) یہ علامت حرف کے اُوپر لگائی جاتی ہے اس علامت کو "فتحہ" کہتے ہیں۔ جس حرف پر یہ علامت ہو گی وُہ مفتوح کہلائیگا۔

۲۔ زیر (ِ) یہ علامت حرف کے نیچے لگائی جاتی ہے اس علامت کو "کسرہ" کہتے ہیں جس حرف پر یہ علامت ہو گی وہ مکسُور کہلائیگا۔

۳۔ پیش (ُ) یہ علامت حرف کے اُوپر لگائی جاتی ہے۔ اس علامت کو "ضمّہ" کہتے ہیں جس حرف پہ یہ علامت ہو وُہ مضموم کہلاتا ہے۔

۴۔ سکون (ْ) کبھی حرف کو ساکن ظاہر کرنے کے لئے اس کے اُوپر جزم یا سکون کی علامت لگا دی جاتی ہے جس حرف پر یہ علامت ہو وہ مجزوم یا ساکن کہلاتا ہے۔

۵۔ تشدید (ّ) اس کو شد بھی کہتے ہیں۔ جس حرف پر یہ علامت ہوگی وُہ "مشدّد" کہلائے گا۔ حرفِ مشدّد دوبار پڑھا جاتا ہے مشدّد حرف اپنے پہلے اور بعد والے حرف کے ساتھ ملکر ... ہے اُردو میں یہ پانچ علامات عام طور پر استعمال ہوتی ہیں لیکن ان کے علاوہ بھی چند علامات ہیں جو نسبتاً کم استعمال ہوتی ہیں صحیح تلفظ سیکھنے کیلئے اُن علامات کا جاننا بھی ضروری ہے۔

علامات درج ذیل ہیں۔

(i)۔ مد "آ" جس الف پر "مد" ہوگی وہ "الفِ ممدودہ" کہلائیگا۔ جہاں یہ علامت ہو وہاں الف کو لمبا کر کے پڑھا جاتا ہے مثلاً آم آ... وغیرہ۔

(ii)۔ کھڑا زبر: یہ علامت عربی الفاظ میں استعمال ہوتی ہے۔ عیٰ... موسیٰ، مصطفےٰ وغیرہ۔

(iii)۔ کھڑا زیر: یہ علامت حرف کے نیچے لگائی جاتی ہے آلہٖ بعینہٖ

(iv)۔ اُلٹا پیش: یہ علامت پیش اور واؤ کی قائمقام ہے مثلاً داؤ... اگر ہم داؤد لکھیں تو داؤ پہ اُلٹا پیش ہوگا۔

۵ ۔ تنوین " اً " اگر کسی حرف پر دو زبر لگا دیں یا اس کے نیچے دو زیر یا اس کے اُوپر دو پیش لگا دیں تو اسے تنوین کہیں گے مثلاً فوراً، آناً فاناً وغیرہ ۔

اِن علامات کے علاوہ چند اور باتیں بھی جاننا ضروری ہیں :

(۱)۔ واؤ کی دو آوازیں ہیں ۔ اگر واؤ سے پہلے حرف پر ضمہ یعنی پیش لگا دیا جائے تو اس کی آواز پُوری طرح ظاہر کرکے ادا کی جائیگی نُور ۔ حُور ۔ خُوب وغیرہ اس واؤ کو " واؤ معروف " کہتے ہیں ۔

(۲)۔ واؤ مجہول : اس سے پہلے حرف پر کوئی علامت نہیں لگائی جاتی مثلاً بولو ۔ سوچو ۔ روکو وغیرہ ۔ اس واؤ کو " واؤ مجہول " کہتے ہیں ۔

(۳)۔ اِسی طرح " ی " کی بھی دو آوازیں ہوتی ہیں جس " ی " سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہوگا ۔ اُسے خُوب ظاہر کرکے پڑھا جائے گا ۔ مثلاً تیر ۔ پیر ۔ ہیر وغیرہ ایسی " ی " کو " یائے معروف " کہتے ہیں ۔

دُوسری " ی " جس سے پہلے حرف پر کوئی علامت نہیں ہوتی " یائے مجہول " کہلاتی ہے ۔

مثلاً شیر ۔ بیر ۔ دلیر وغیرہ ۔ " یائے معروف " کو چھوٹی " ی " اور " یائے مجہول " کو بڑی " ے " بھی کہتے ہیں ۔

آیئے ! اب ہم الفاظ کا تلفّظ تحریر کرتے ہیں ۔

حرف (حَر۔ف)

① ۔ پہلا مفتوح دُوسرا اور تیسرا ساکن

برف ، حرف ، ژرف (گہرا) صرف ، ظرف ، برق ، شرق ، غرق ، فرق ، حلق ، خلق ، دلق (گدڑی) مشق ، رشک ، مشک ، ترک ، درک ، ابر ، جبر ، صبر ، گبر ، اجر ، زجر (ڈانٹ ڈپٹ) ، فجر ، بدر ، صدر ، قدر ، امر ، نثر ، عصر ، قصر ، کسر ، حشر ، نشر ، جذر ، نذر ، فخر ، فقر ، سطر ، اصل ، رسل ، عسل (شہد) ، نسل ، فصل ، وصل ، رطل ، (پیالہ) عقل ، نقل ، قتل ، دخل ، نخل ، حبل (رسی) ، طبل ، قبل ، جدل ، عدل ، بذل (بخشش) ، فضل ، حمل ، نفل ، بخت ، تخت ، رخت ، سخت ، لخت ، بست ، پست ، جست ، دست ، مست ، ہست ، بسط (پھیلاؤ۔ وضاحت) ، وسط ، ربط ، ضبط ، نعت ، قحط ، حرب ، ضرب ، عزب ، کرب ، جذب ، جلب (حاصل کرنا ، کھینچنا) ، حلب (دُودھ) ، سلب ، کلب (کُتّا) ، عقب ، رطب ، درد ، زرد ، سرد ، فرد ، گرد ، مرد ، نرد (چوسر کی گوٹ) ، ورد (گلاب کا پھول) ، ارض ، عرض ، فرض ، قرض ، ترس ، چرس ، درس ، حبس ، بزم ، جزم ، حزم (احتیاط) ، رزم (جنگ) ، عزم ، نظم ، ہضم ، ختم ، خشم (غصہ) ، حجم ، رجم (پتھر مارنا) ، رسم ، چرم (چمڑا) ، شرم ، گرم ، نرم ، ورم ، رقص ، نقص ، عکس ، نفس (جان۔ رُوح۔ ہستی) ، حمد ، عہد ، مجد (بزرگی) ، وجد ، قصد ، وفد ، جہد (جیم کے پیش سے بھی درست ہے) ، عقد ، نقد ، بخش ، رخش (گھوڑا۔ چمک) ، کفش ، نقش ، عرش ، فرش ، امن ، بطن ،

متن ، جشن ، وزن ، دشت ، طشت ، ہشت ، تلخ ، فسخ ، نسخ ، اخذ
رمز ، سرو ، سہو ، عفو ، ہجو ، مرغ (سبزہ) ، مرز (زمین) ، سطح ، فتح ،
شرح ، رفع ، دفع ، شمع ، وضع ، قطع ، قبض ، نبض ، عطف ،
کتف (کندھا) ، کشف ، برگ ، شرط ، فرط ، خبط ، طبع

جِسْم (جِس ۔ م)

② پہلا حرف مکسور دوسرا اور تیسرا ساکن

اسم ، اثم (گناہ) ، جسم ، قسم ، حلم ، علم ، فلم ، خضر ، ذکر ، فکر ، عطر ،
وتر ، سحر (جادو) ، مہر ، ہجر ، عشق ، فسق (گناہ) ، حرص ، جنس ، زشت ،
کشت ، شرک ، مثل (مانند) ، طفل ، اردگرد ، جلد ، حزب (گروہ)
کذب ، سلک (لڑی) ، ملک ، ذہن ، سبط (اولاد) قسط ، صنف ،
نصف ، شعب ، اذن ، حلف ، خشت ، صبغ ، خلص ، صحن ، عفر ، شعر

حُسْن ۔ (حُس ۔ ن)

③ پہلا حرف مضموم دوسرا اور تیسرا ساکن

حسن ، حزن (غم) ، جرم ، حکم ، ظلم ، شکر ، کفر ، عذر ، عمر ، خلد ،
رشد (ہدایت) ، عرس ، قرس ، نطق ، مشک ، خشک ، بغض ، ملک ،
زلف ، لطف ، مرغ ، مزد (مزدوری) ، صبح ، صلح ، جفت ، مفت ،
ضعف ، قفل ، فحش ، بعد ، زہد ، برج ، حمق ، عمق ، خلع ، طہر ، ظہر ، مہر ،
سکر ، عشر ، عسر ، یسر ، قدس ، قرص ، غسل ، عضو ، قطب ، قرب ، قطر ،
عجب (غرور) ، عرف ، دزد ، دخت ، درد (تلچھٹ) ، شرب ، گرز ، زرت (جوار) ۔

کَرَم (کَ - رَمْ)

④ پہلا اور دوسرا حرف مفتوح اور تیسرا ساکن

اثر ، اگر ، بشر ، بصر ، تبر ، ثمر ، حجر (پتھر) ، خبر ، خطر ، سحر ، شجر ، شرر ، ضرر ، ظفر ، کمر ، قمر ، نظر ، مگر ، مفر ، نگر ، برس ، جرس ، قفس ، مگس ، نفس (سانس) ، خذف (ٹھیکری) ، شرف ، طرف ، صدف ، ہدف (نشانہ) ، تلف ، کلف ، نجف ، ادب ، حسب ، حطب (ایندھن) ، عجب ، غضب ، طرب ، عرب ، طلب ، مطب ، اٹل ، رذل ، ازل ، ارذل (بہت ذلیل) ، بدل ، بطل (بہت دلیر) ، جبل ، جمل ، خلل ، غزل ، مثل (کہاوت) ، محل ، ادق ، رمق ، سبق ، شفق ، عرق ، قلق ، ورق ، الم ، علم ، قلم ، جسم ، صنم ، قسم ، عدم ، قدم ، خدم (خادم کی جمع) ، بھرم ، حرم ، کرم ، اہم ، حکم (ثالث) ، حشم (حاشم کی جمع نوکر چاکر) ، بدن ، ثمن (قیمت) جلن ، چمن ، دمن ، دہن ، ذقن ، رسن ، زغن (چیل) ، زمن ، تھکن گگن ، لگن ، مگن ، وطن ، حنک (ٹھوڑی) ، جھلک ، چمک ، دمک فلک ، ملک (فرشتہ) ، نمک ، غلط ، پلٹ ، رجز ، عبث ، حدث اسد ، سند ، صمد ، عدد ، الگ ، سکت ، لقب ، خلف ، سلف ، صمد

کِرَن - (کِ - رَنْ)

⑤ پہلا حرف مکسور دوسرا مفتوح اور تیسرا ساکن

ارم ، درم ، حِکَم (حکمت کی جمع) ، ستم ، نعم (نعمت کی جمع) ، ہمم ، حصص جہت ، علل ، ملل ، فتن (فتنہ کی جمع) ، کرن ، محن ، ہرن ، ...

پسر، جگر، جدھر، کدھر، سپر (ڈھال)، نڈر، خرد، دیت، فرق (فرقہ کی جمع)، عنب (انگور)۔

ہُنَر — (ہُ۔ نَرْ)

⑥ پہلا حرف مضموم دوسرا مفتوح اور تیسرا ساکن

اثر، ادھر، گذر، گہر، چبھن، گھٹن، سخن، سنن (سنت کی جمع)، ہنر، صور (صورت کی جمع)، امم، ابل، اچھل، دول، انج، حجج (حجت کی جمع)، کمک، زحل، مدن (مدینہ کی جمع)، لغت، الٹ۔

رُسُل — (رُ۔ سُلْ)

⑦ دہل، رسل، سبل، طرق (طریق کی جمع)، افق، عنق (گردن)، جحب، کتب، اسد (اسد کی جمع)، احد، تتق، تنک، جنب، اذن

مِحْنَت — (مِحْ۔ نَتْ)

⑧ پہلا حرف مکسور۔ دوسرا ساکن تیسرا مفتوح اور چوتھا ساکن

بعثت، حکمت، حرفت، خدمت، خلعت، خلقت (پیدائش)، رحلت، رشوت، رفعت، شرکت، سیرت، عترت، عشرت، عصمت، عجلت (اُردو میں عین کے پیش سے بھی مستعمل ہے)، فطرت، قسمت، محنت، مدحت، نعمت، ہجرت، جزیہ، سفلہ، معدہ، اور مندرجہ ذیل اسم آلہ ہیں:

مجمر، محور، مسطر، مغفر، مزبر (قلم)۔

صُحْبَت ——(صُحْ - بَتْ)

⑨ پہلا حرف مضموم دوسرا ساکن تیسرا مفتوح اور چوتھا ساکن

تربت ، تہمت ، جرأت ، حرمت ، درگت ، رخصت ، سرعت ، صحبت ، غربت ، فرصت ، فرقت ، قربت ، قدرت ، ندرت ، نزہت ، مثبت ، وسعت ، بقعہ ، رقعہ ، تحفہ ، جرعہ ، جمعہ ، حلیہ ، شعبہ ، شعلہ ، شفعہ ، نطفہ ، نکتہ ، نسخہ ، نقرہ ، زمرہ ،

مندرجہ ذیل اسم مفعول ہیں :

مبرم ، مبہم ، ملزم ، مضطر ، مضمر ، منکر ، مقبل ، مرسل ، مطلق ، مغلق ، مفرد ، مرتد ۔

مُسْلِمْ ——(مُسْ - لِمْ)

⑩ پہلا حرف مضموم دوسرا ساکن تیسرا مکسور اور چوتھا ساکن

مجرم ، ملزم ، مخلص ، مفلس ، محسن ، مزمن ، ممکن ، مشفق ، ملحق ، مرسل ، مشکل ، متخل ، موصل ، مسرف ، مصرف ، منصف ، مدرک ، مشرک ، مہلک ، مرشد ، مفسد ، ملحد ، موجد ، مشمر ، منکر ، مُسہل ۔

مَسْجِدْ ——(مَسْ - جِدْ)

⑪ پہلا حرف مفتوح دوسرا ساکن تیسرا مکسور اور چوتھا ساکن

محفل ، محمل ، منزل ، مجلس ، مقدس ، مسجد ، مشرق ، مغرب ، مصرف ،

یہ تمام الفاظ اسم ظرف مکاں ہیں ۔

شاعِر (شا۔عِر)

(۱۲) پہلا حرف مفتوح دوسرا ساکن تیسرا مکسور اور چوتھا ساکن

آمِر، باصِر، تاجِر، جائِر (ظالم)، حاضِر، خاطِر، ذاکِر، زائِر، ساحِر، شاعِر، شاکِر، طائِر، طاہِر، ظاہِر، عاطِر، فاطِر، فاخِر، قادِر، قاصِر، کافِر، ماہِر، ناشِر، ناظِر، باطِل، جاہِل، حائِل، حاصِل، داخِل، ساحِل، شامِل، عادِل، عاقِل، غافِل، فاضِل، فاعِل، قابِل، قاتِل، قائِل، کامِل، کاہِل، سائِل، مائِل، ناقِل، واصِل، ثاقِب، جاذِب، جالِب، جانِب، حاجِب، راکِب، راقِب، راغِب، راہِب، صاحِب، طالِب، غالِب، کاتِب، کاذِب، نائِب، واجِب، تابِع، جامِع، دافِع، راجِع، ساطِع، سامِع، شائِع، شارِع، مانِع، قاطِع، واضِع، واقِع، جارِح، شارِح، فاتِح، ناصِح، واضِح، حاتِم، خاتِم، ہاشِم، حاکِم، خادِم، نادِم، دائِم، صائِم، قائِم، عازِم، لازِم، کاظِم، ناظِم، ہاضِم، عاصِم، قاسِم، سالِم، ظالِم، عالِم، حاسِد، فاسِد، زاہِد، شاہِد، عابِد، نافِذ، واحِد، ساجِد، ماجِد، واجِد، باعِث، ثالِث، حادِث، حارِث، خالِص، ناقِص، سالِک، مالِک، ہالِک، باطِن، خازِن، خائِن، ضامِن، کاہِن، حافِظ، واعِظ، نافِذ، حاذِق، صادِق، ناطِق، فاسِق، طارِق، شارِق، عاشِق، بالِغ، فارِغ، عارِف، کاشِف، عاجِز، شافِع، نافِع، قابِض، عارِض، غامِض، طائِف، خائِف، ہاتِف، واقِف۔

اَکْبَرْ ــــ (اَکْ۔بَرْ)

(۱۳) پہلا حرف مفتوح دوسرا ساکن تیسرا مفتوح چوتھا ساکن

احمر، احقر، اخضر، اصغر، ازہر، اذفر، اطہر، اظہر، اکبر، ایمن
احمد، ارشد، اسود، امجد، امرد، ابخل (بہت بخیل)، ارذل، اجمل
اجہل، اسفل، افضل، اکمل، اسلم، اکرم، اعظم، احمق، اصدق
اشرف، اخبث، اخفش، احسن، اقرب، اغلب، اقدس، اصلح
محشر، مصدر، مظہر، منظر، مسند، مشہد، معبد، مقصد، مدفن، مخزن
معدن، مقتل، مذہب، مشرب، مکتب، منصب، مطلب، مسلک
مبحث، مطلع، مقطع، مطبع، مطبخ، مذبح، مخرج، مرکز
رجعت، رکعت، رغبت، جلوت، خلوت، سطوت، شفقت، صف
کسوت، جبہہ، حلقہ، رقبہ، صفحہ، قریہ، لمحہ، ہدیہ، قطعہ، قلع

کِتَاْبْ ــــ (کِ۔تَاْ۔بْ)

(۱۴) پہلا حرف مکسور دوسرا مفتوح تیسرا اور چوتھا ساکن

حجاب، حساب، خضاب، خطاب، رکاب، عتاب، غیاب
کتاب، صحاب، نصاب، نقاب، دثار، دیار، شعار، ثا
قطار، کبار، فرار، فگار، نثار، نکھار، نگار، جبال، جدا
خصال، خلال، ریال، سفال، عیال، نہال، وصال، ہلال، خ
خیام، زمام، عظام، قیام، کرام، صیام، نیام، بلاد، جہاد، ط
خراج، سراج، علاج، غلاف، زفاف، لحاف، ثقافت، ج

صفات ، نکات ، نجات ، بساط ، نبات (مصری۔کھانڈ)، سپاس ، قیاس، لباس ، نکاس ، حجاز ، محاذ ، نیاز ، خزاں ، زیاں ، سنان ، قران ، لسان ، نشان ، نہان ، گراں ، شقاق ، فراق ، نفاق ، وفاق ، جماع ، ضیاع ، دفاع ، وداع ، ریاح ، سلاح ، ضیاح (دودھ کی لسی) ، نکاح ، دماغ ، رباط ، صراط ، نفاذ ، صحاح ، نہاد ، سراج۔

ثَوَاْبْ ——(ثَ۔وَاْ۔بْ)

(۱۵) پہلا حرف اور دوسرا حرف مفتوح تیسرا اور چوتھا ساکن

ثواب ، جناب ، جواب ، حباب ، خراب ، رُباب ، سَحاب ، سراب ، شباب ، شراب ، شہاب ، عذاب ، کباب ، کلاب ، ایال ، بحال ، جلال ، جمال ، حلال ، خیال ، زوال ، شغال (گیدڑ) ، کمال ، قتال ، مجال ، مقال ، ملال ، وبال ، اذان ، امان ، بیان ، تکان ، دہان ، زمان ، کمان ، پیام ، حرام ، دوام ، سلام ، عوام ، کلام ، مسام ، مشام ، برات ، بنات ، ثبات ، حیات ، دوات ، زکات ، نبات ، نَشاط ، جواز ، جہاز ، دراز ، فراز ، مجاز ، نماز ، بہار ، چنار ، قرار ، مدار ، مزار ، نزار (کمزور) ، نہار ، تضاد ، جواد ، جہاد ، سواد ، فساد ، معاد ، مفاد ، تراش ، تلاش ، خراش ، اساس ، حواس ، خواص ، طواف ، مصاف ، مطاف ، جناح ، صباح ، متاع ، ایاغ ، فراغ ، رباط۔

شُمَاْرْ ——(شُ۔مَاْ۔رْ)

(۱۶) پہلا حرف مضموم دوسرا مفتوح تیسرا اور چوتھا ساکن

بخار ، خمار ، شمار ، غبار ، زغال (کوئلہ) ، زلال ، سعال (کھانسی)
سوال ، دخان ، دکان ، زبان ، شبان (گڈریا) ، جذام ، زکام ، غلام
مدام ، مقام (میم کے فتحہ سے بھی درست ہے) ، اجاق ، اطاق ، براق
بلاق ، تراب ، شعاع ، نقاط ، سراغ ، اداس ، اناس
سے لوگ) ، رواۃ (راوی کی جمع) ، فرات ، معاف ، لباب ، عقاب ، زجاج

حَکِیْمْ ــــ (حَ + کِی + مْ)

(۱۷) پہلا حرف مفتوح دوسرا مکسور تیسرا اور چوتھا ساکن

اثیم ، ادیم (کچا چمڑا) ، الیم ، بسیم (مسکرانے والا) ، جسیم ، حریم ، حطیم
حکیم ، حنیم ، حمیم ، خصیم ، ذمیم ، رجیم ، رحیم ، رخیم (نرم آواز)
ریم (پیپ) ، زعیم ، زنیم (کنجوس) ، سقیم ، سلیم ، سہیم ، شتیم (ترش)
شحیم ، شمیم ، صمیم ، صریم (خلا ہوا) ، عدیم ، عزیم (سخت دشمن) ، عظیم
عقیم (بانجھ مرد) ، علیم ، عمیم ، غنیم ، خطیم (دودھ چھٹا بچہ) ، فہیم ، قدیم
قسیم ، کریم ، لحیم ، لئیم ، ندیم ، نسیم ، نعیم ، نمیم ، نہیم (لالچی)
وسیم ، اثیر ، اجیر (مزدور) ، اسیر ، امیر ، بصیر ، ثمیر (پھلدار) ، جہیر
حریر ، حصیر ، حقیر ، خزیر (بھوبل) ، خطیر ، خمیر ، دبیر ، ذکیر ، زحیر
زہیر (روشن) ، ستیر ، سریر ، سفیر ، شجیر ، شخیر (خراٹا) ، شریر ، شغیر
صغیر ، صفیر ، ضمیر ، ظہیر ، عبیر ، عصیر (نچوڑ) ، غدیر ، غفیر ، فقیر
قدیر ، قصیر (کوتاہ چھوٹا) ، قعیر (گہرا) ، کبیر ، کثیر ، مریر (توانا بہادر)
مزیر (سخت) ، مصیر ، ندیر (انوکھا) ، نذیر ، نصیر ، نظیر ، نفیر ، نمیر (خوش)

وزیر، ہریر (کتے کے رونے کی آواز)، ہزبر (عقلمند)،
ادیب، اریب (عقلمند)، تریب (دہی)، جریب، جلیب، حسیب،
خضیب (رنگین)، خلیب، دہیب (دروازہ)، ذہیب (سنہرا)، رحیب،
رحیب (بہت کھانے والا)، رغیب، رقیب، زبیب (خشک انگور)، صلیب،
طبیب، طلیب، عجیب، غریب، قریب، کثیب، لبیب (عقلمند)
لہیب (شعلہ)، معیب، نجیب، نحیب (رونے کی آواز)، نسیب (عالی نسب)،
نصیب، نقیب، اصیل، ثقیل، جزیل (مضبوط)، جلیل، جمیل، حسیل
(گائے کا بچہ)، خلیل، دخیل، دلیل، رذیل، رحیل، رسیل (فرستادہ)،
زمیل (ساتھی)، سبیل، سلیل (بیٹا)، شکیل، ضلیل، طویل، ظلیل (سایہ دار)،
عتیل (پیاسا)، عجیل، عدیل، عقیل، فصیل، غسیل، قبیل، قتیل، قلیل،
کفیل، مثیل، نبیل، نخیل، بعید، جدید، حدید (لوہا)، حمید، رسید،
رشید، سدید، سعید، سفید، شدید، شہید، صدید (پیپ)، صعید
(خاک)، عمید (لیڈر)، فقید، لوید (دیگ)، مجید، مدید، مزید، نوید،
نشید، وحید، ودید (دوست)، ورید، وصید (آستانہ)، یزید،
انیق (عجیب و غریب)، حریق، خلیق، دقیق، ذلیق (تیز زبان)، رحیق،
رشیق (خوش اندام)، رفیق، رقیق، زنیق (مضبوط)، سحیق (سفوف)،
سویق (ستّو)، شفیق، شقیق، شہیق (گدھے کی آواز)، صفیق (سخت چمڑا)،
طریق، طلیق (آزاد)، عتیق، عقیق، عمیق، عنیق (گردن)، عزیق،
فتیق (بڑھئی)، فریق، فسیق، لبیق (عقلمند)، مضیق (تنگ جگہ)، نقیق
(مرغی اور مینڈک کی آواز)، نہیق (گدھے کی آواز)، وثیق (مضبوط)، ثقیف،
حریف، حنیف، خشیف (برف)، خفیف، سخیف (کم ظرف ہلکا)، شریف،

صنیف، ظریف، عجیف (دُبلا)، عریف (پہچاننے والا)، عفیف، ...

کثیف، کنیف (پاخانہ)، لطیف، نحیف، ندیف، نظیف، ...

بطین (بڑے پیٹ والا)، ثمین، جبین، جنین، حسین، حصین، ...

ذہین، رکین، رہین، زبین، سخین (گرم پانی)، ضنین (...)

ظنین (تہمت زدہ)، غبین (ضعیف الرائے)، غمین، قرین، متین، ...

ذبیح، صبیح، صحیح، صریح، ضریح (قبر)، فحیح (سانپ کی آواز)

فصیح، قبیح، مسیح، ملیح، وجیح (مضبوط)

انیس، جلیس، خسیس، خمیس، رئیس، سلیس، ضبیس (...)

طمیس (اندھا)، عریس (دولہا)، نفیس، فریس، ربیع، رضیع

(دودھ شریک بھائی)، رفیع، سریع، سمیع، وسیع، وقیع، شنیع

(عقلمند)، شجیع، شفیع، شنیع، حریص، خریص (ٹھنڈا پانی)، قمیص

عریض، مریض، نقیض، رکیک، سلیک (پڑی ہوئی چیز)، شریر

تمیز، دبیز، ستیز، عزیز، مویز (منقیٰ)، لذیذ، نبیذ، حفیظ

غلیظ، فقیہہ، وجیہہ، خلیج، نشیط (خوش وخرم)،

اُصُوْلْ ــــ (اُ-صُوْ-لْ)

(۱۷) پہلا اور دوسرا حرف مضموم تیسرا اور چوتھا ساکن

اصول، حصول، دخول، شمول، فضول، نقول، امور، حضور،

شرور، شعور، صدور، طیور، ظہور، عبور، غرور، قبور، قصور،

نشور، حدود، حسود، خلود (ہمیشگی)، جمود، درود، سرود،

عمود، صعود، قعود، قیود، کبود، وجود، ورود، وفود، ہنود،

رسوم ، رقوم، علوم ، نجوم ، ہجوم ، عیوب ، غروب ، وجوب ، ببوب ،
خشوع ، خضوع ، شروع ، طلوع ، فروع ، وقوع ، نقوش ، وحوش ،
حروف ، ظروف ، عروس ، جلوس ، نفوس ، سلوک ، شکوک ، ملوک ، جنون
قشون ، فنون ، قرون ، بروج ، خروج ، عروج ، فروج ، سکوت ، قنوت
خطوط ، سقوط ۔ شہود ، غدود ، سطور ، وفور

اِسْلَام ——— (اِسْ۔لَا۔م)

(۱۹) پہلا حرف مکسور دوسرا ساکن تیسرا مفتوح چوتھا اور پانچواں ساکن

ابہام ، احرام ، ادغام ، اسلام ، اکرام ، اقدام ، الزام ، الہام ، انعام ،
ایہام ، ابطال ، ارسال ، اجمال ، اشکال ، اقبال ، ادبار ، اسرار ،
اظہار ، افطار ، اقرار ، انکار ، ایثار ، ارشاد ، الحاد ، امداد ، احسان ،
امکان ، انسان ، ایقان ، احساس ، افلاس ، اخلاص ، اسراف ، اصراف ،
انصاف ، الطاف ، افراط ، اعجاز ، اعزاز ، اغماض ، اشراق ، اطلاق ،
الحاق ، ادراک ، املاک ، اخراج ، اعراب ، اثبات ، اصلاح ، اجماع ،
اسراع ، اشعاع ، ابلاغ ۔

اَخْبَار ——— (اَخْ۔بَا۔ر)

(۲۰) پہلا حرف مفتوح دوسرا ساکن تیسرا مفتوح چوتھا اور پانچواں ساکن

ابحار ، ابرار ، ابشار ، ابصار ، اثمار ، احبار ، اخبار ، ادوار ، اذکار ،
انکار ، اسرار ، اشجار ، اشرار ، اشعار ، اطوار ، اطہار ، اعصار ، اغیار ،
امصار ، انصار ، انوار ، انہار ، ابطال ، اثقال ، اجیال ، اجمال (جمل کی جمع)

اشکال ، اشغال ، اطفال ، اظلال ، اعمال ، افعال ، افضال ، اقوال

امثال ، اموال ، انقال ۔

ابعاد ، اجداد ، اجساد ، اضداد ، اعداد ، افراد ، اولاد ، اجرام ، اجسام

احکام ، ارحام ، اسقام ، اصنام ، اقدام ، اقسام ، اقوام ، اکرام (اکرام کی

جمع) ، انعام ، اوہام ، ادیان ، اذہان ، ارکان ، اعیان ، الوان ، اخناف

اخلاف ، اسلاف ، اشراف ، اصناف ، اضعاف ، اطراف ، الطاف

اوصاف ، اوقاف ، ابیات ، اصوات ، اموات ، اوقات ، اخلاق

اسباق ، اسواق ، اوراق ، ارواح ، الواح ، اضلاع ، انواع ، اجناس

اعراس ، انفاس ، اغلاط ، اقساط ، اتراک ، افلاک ، املاک ، اغراض

امراض ۔ یہ تمام الفاظ جمع ہیں عربی زبان کا ہر وُہ لفظ جو جمع پر دلالت

کرتا ہو اور الف سے شروع ہوتا ہو تو اس کا الف لازماً مفتوح ہوگا ⑳

مُسَاوَات ۔ (مُسَا ۔ وَا ۔ ت)

(۲۱) پہلا حرف مضموم دُوسرا مفتوح تیسرا ساکن چوتھا مفتوح پانچواں اور چھٹا

خرافات ، محاکات ، مدارات ، مساوات ، ملاقات ، مواخات ، موا

مناجات ،

لَطَافَت ۔ (لَطَا ۔ فَت)

(۲۲) پہلا اور دوسرا حرف مفتوح تیسرا ساکن چوتھا مفتوح پانچواں ساکن

امانت ، بسالت ، بصارت ، بغاوت ، ثقالت ، ثقاہت ، جزالت

جسارت ، جسامت ، جلالت ، جماعت ، جنابت ، جہالت ، حرارت

حقارت ، حذاقت ، حلاوت ، خباثت ، خجالت ، خساست، خطابت،
دبازت ، دلالت ، ذلالت ، ذہانت ، رزالت ، رفاقت ، رقابت ،
سخاوت، سجاوٹ ، سعادت ، شرارت ، شرافت ، صحافت ، صباحت،
صلابت ، صداقت ، ضمانت ، طراوت، طہارت ، ظرافت ، عداوت،
عدالت ، فصاحت ، فراغت، فطانت ، فلاحت ، فلاکت ، قباحت ،
کرامت ، کراہت ، لطافت ، مسافت ، ملاحت ، متانت، مہابت،
مہارت، نجاست ، ندامت، نفاست ، نقاہت ، وضاحت، نزاکت ،
وکالت، حماقت، عمامہ، شبانہ، پیالہ، جنازہ ، شرارہ ، دہانہ، شہانہ

اِجَازَت — (اِ۔جَا۔زَت)

(۲۳) پہلا حرف مکسور دوسرا مفتوح تیسرا ساکن چوتھا مفتوح پانچواں ساکن

اباحت ، اجازت ، اجابت ، ادارت ، ارادت ، اشاعت ، اشارت ،
اصابت ، اضافت ، اعانت ، اطاعت ، اقامت ، امارت ، امامت،
تجارت ، تلاوت ، جراحت ، حجامت ، حراست ، حصانت، حکایت ،
حمایت ، خلافت ، خیانت ، درایت ، روایت ، رسالت ، ریاست،
ریاضت ، زیارت ، سفارت ، سیاحت ، سیادت ، سیاست ، شکایت ،
صیانت ، ضیافت ، عبادت ، عبارت ، عمارت ، طبابت ، فراست ،
قیادت ، قیامت ، کتابت ، وزارت ، ولادت ، ہدایت ، احاطہ ،
ازالہ ، اضافہ ، افاقہ ، امالہ ، رسالہ ، اعادہ ، افادہ ، زیادہ، لبادہ
خسارہ، علاقہ ، علاوہ ، نشانہ ، شوالہ ، کنایہ ، ارادہ ، نوالہ، قبالہ،

اِحتِرام ــــ (اِخ۔ تِ۔ رَام)

(۲۴) پہلا حرف مکسُور دوسرا ساکن تیسرا مکسُور چوتھا مفتوح پانچواں اور چھٹا ساکن:

ابتہاج (خوشی)، احتجاج، احتیاج، اختلاج، ازدواج، امتزاج
ابتسام، احترام، احتشام، اختتام، اعتصام، التزام، انتظام، انق
اہتمام، ازدحام، انصرام، انضمام، انقسام، انہدام، اجتناب، اجتناب
ارتکاب، اضطراب، التہاب، انتخاب، انتساب، انجذاب، انقلاب
احتکار، اختصار، اختیار، اعتذار، اعتبار، اشتہار، افتخار، اقتدار
انتشار، انتظار، انحصار، اضطرار، انکسار، انفجار، ابتذال، احتمال
اختلال، ارتحال، اشتمال، اشتعال، اعتدال، اعتزال، امتثال
انتقال، انفصال، انفعال، اجتہاد، ارتداد، اعتقاد، اعتماد، انقیاد
انتقاد، انجماد، انسداد، انعقاد، اختلاف، اعتراف، اعتکاف
اکتشاف، انحراف، انعطاف، انکشاف، اجتماع، ارتفاع، امتناع
افتتاح، انشراح، احتباس، التباس، التماس، اقتباس، انعکاس
اختصاص، ارتکاز، احتراز، اعتزاز، امتیاز، اعتراض، انقباض
ابتداء، ابتلاء، ارتقاء، اشتہاء، التواء، انتہاء، اقتضاء، اکتفاء
احتراق، اختناق، اشتقاق، افتراق، انشقاق، امتحان، استنان
اختلاط، ارتباط، انبساط، انحطاط، التفات، اشتراک، انہماک

تصویر ——— (تَف - وِیْر)

(۲۵) پہلا حرف مفتوح دوسرا ساکن تیسرا مکسور چوتھا اور پانچواں ساکن

تبخیر، تبذیر، تحریر، تخمیر، تدبیر، تذکیر، تسخیر، تشہیر، تصویر،
تقدیر، تقریر، تقطیر، تقصیر، تعبیر، تعزیر، تکفیر، تنویر، زنجیر،
شمشیر، نخچیر، تبدیل، تحویل، تحصیل، تخئیل، تذلیل، ترتیل،
ترسیل، تسہیل، تشکیل، تعجیل، تعدیل، تعطیل، تحلیل، تعلیل،
تعمیل، تفصیل، تفضیل، تقلیل، تکمیل، تمثیل، تنزیل، تہلیل،
تجسیم، تحریم، تحکیم، ترمیم، تسلیم، تعظیم، تعلیم، تقویم، تقسیم،
تقویم، تکریم، تنظیم، تجدید، تجرید، تجوید، تحدید، تحمید، تشدید،
تعقید، تقلید، تکسید، تنقید، تمجید، تمہید، توحید، تولید، تدفین،
تدوین، تزئین، تضمین، تکفین، تکوین، تمکین، تنوین، نسرین،
توہین، تحقیق، تخلیق، تدقیق، تشویق، تطبیق، تصدیق، تعویق،
تفریق، توثیق، توفیق، تشبیب، تعریب، تقریب، تکذیب، تہذیب،
تعریف، تشریف، تصنیف، تکثیف، تنصیف، تبریک، تحریک،
تشریک، تضحیک، تملیک، تجویز، تجہیز، تعویذ، تنفیذ، تحریص،
تخلیص، تشخیص، تلخیص، تمحیص، ترجیح، تفریح، تلمیح، ترصیع،
تقطیع، تبلیغ، تجنیس، تدریس، تفریس، تعریض، تشویش، تثلیث،

تَبَسُّمْ ـــ (تَ۔بَسْ۔سُمْ)

(۲۶) پہلا اور دوسرا حرف مفتوح تیسرا مشدّد مضموم اور چوتھا ساکن

تبدل، تجمل، تحمل، تخیل، تعطل، تعقل، تعمل، تغزل، توسل
توکل، تمول، تحیر، تغیر، تدبر، تکبر، تفکر، تقرر، تکدر، تصور
تہور، تحقق، تصدق، تعلق، تملق، تعمق، تفوق، تجدد، تردد
تشدد، تعدد، تجرد، تہجد، تشہد، تولد، تدین، تسنن، تعین، تعفن
تلون، تمدن، توطن، تیقن، تاسف، تصرف، تصوف، تکلف
تلطف، توقف، ترفع، تشیع، تصنع، تضرع، تنوع، تورع
توقع، تبسم، تجسم، ترنم، تکلم، توہم، تقرب، تعجب، تعصب
تغلب، تبرک، تشکک، تمسک، تعوذ، تلذذ، تلفظ، تفرج، تموج
تہیج، تقدس، تنفس، تجسس، تشخص، تفحص، تسلط، توسط، تفقہ
توجہ، تعیش، ترشح، تنزل، توحد، تمرد، توقر، تہدم، تیمم، توحش

مُقَابَلَہْ ـــ (مُ۔قَا۔بَ۔لَہْ)

(۲۷) پہلا حرف مضموم دوسرا مفتوح تیسرا ساکن چوتھا اور پانچواں مفتوح اور
چھٹا ساکن:

مبادلہ، مجادلہ، مراسلہ، معاملہ، مقابلہ، مقاتلہ، مجاذبہ، محاربہ
محاسبہ، مراقبہ، مطالبہ، محاکمہ، مسالمہ، مکالمہ، مناظمہ، محاصرہ
محاورہ، مذاکرہ، مشاعرہ، مشاہرہ، مظاہرہ، مناظرہ، مفاسدہ، مجاہدہ

مشاہدہ، معاشقہ، معانقہ، مباحثہ، معالجہ، مبالغہ، معاوضہ، ملاحظہ، مطالعہ، مقاطعہ، مکاشفہ، مصافحہ، مغالطہ، مواخذہ، موازنہ،

متابعت، متاجرت، مجانست، مجاورت، مجاورت، مجاہرت، مخاصمت، مخاطبت، مخالفت، مداخلت، مدافعت، مداومت، مداہنت، مراجعت، مزاحمت، مسابقت، مشارکت، مشابہت، مشاورت، مصالحت، مضاربت، مطابقت، معاشرت، مفارقت، مقامرت، مکاتبت، مکالمت، ملازمت، ملاطفت، مماثلت، ممانعت، منازعت، مناسبت، موافقت، مہاجرت۔

تَقَابُلْ - (تَ۔قَا۔بُلْ)

(۲۸) پہلا اور دُوسرا حرف مفتوح تیسرا ساکن چوتھا مضموم اور پانچواں ساکن:

تبادل، تجاہل، تداخل، تساہل، تطاول، تعامل، تغافل، تقابل، تناسل، تناول، تخاصم، تصادم، تلازم، تلاطم، تجاذب، تخاطب، تعاقب، تناسب، تفاخر، تکاثر، تناظر، تنافر، تواتر، تخالف، تصادف، تعارف، تبارک، تدارک، تعاون، توازن، توارد، توالد، تسابق، تطابق، تقاطع، تنازع، تواضع، تجاوز، تفاوت، توارث، تسامح، تناسخ، تشابہ، تناقض،

مَعْذِرَتْ - (مَعْ۔ذِ۔رَتْ)

(۲۹) پہلا حرف مفتوح دوسرا ساکن تیسرا مکسور چوتھا مفتوح اور پانچواں ساکن

محمدت، معذرت، معدلت، معرفت، معصیت، مغفرت، مقدرت، منزلت، تربیت، تعزیت، تقویت، تہنیت، تبصرہ، تذکرہ، تجربہ، تجزیہ، تثنیہ،

تزکیہ، تصفیہ، تعزیہ، تسمیہ، تسویہ (درست کرنا)، تغذیہ، تہیہ (ارادہ میں پکا کرنا)، تخلیہ، تکملہ، اطیبہ، تشریہ، تحیہ، مظلمہ، تمنیہ،

نیچے لکھے ہوئے الفاظ اسی وزن پر آتے ہیں اور سب جمع ہیں

ادویہ، ازمنہ، اسلحہ، اشربہ، اعزہ، اطعمہ، اغذیہ، البسہ، ائمہ، امثلہ، امتعہ، امرجہ، امکنہ۔

اِستِقبال ــــ (اِس۔تِق۔بال)

(۳۰) پہلا حرف مکسور، دوسرا ساکن، تیسرا مکسور، چوتھا ساکن، پانچواں مفتوح، چھٹا اور ساتواں ساکن

استحصال، استدلال، استعمال، استقبال، استقلال، استیصال، استحصار، استغفار، استفسار، استقرار، استکبار، استمرار، استبداد، استشہاد، استعداد، استمداد، استحکام، استفہام، استحقاق، استفراغ، استدراک، استعجاب، استصواب، استخراج، استنباط، استخفاف، استخلاص، استحسان، استعفیٰ، استغناء، استفتاء، استشارہ (۳۲)

مَذاہِب ــــ (مَ۔ذا۔ہِب)

(۳۱) پہلا حرف مفتوح، دوسرا مفتوح، تیسرا ساکن، چوتھا مکسور اور پانچواں ساکن

اصاغر، اکابر، اواخر، اوامر، جزائر، دفاتر، خواطر، ظواہر، مقابر، مصادر، نوادر، عناصر، مناظر، اوائل، خصائل، دلائل، قبائل، فضائل، مسائل، وسائل، اسافل، افاضل، جداول، سلاسل، سواحل، عنادل، عوامل، محافل، مراحل، مشاغل، مفاصل، منازل (۳۱)

نوافل، محامد، مساجد، مسانَد، مفاسد، مقاصد، قواعد، جرائد، زوائد، فوائد، مکائد، جرائم، عزائم، محارم، محاکم، مراسم، مظالم، مکارم، تراجم، اقارب، تجارب، مراتب، عجائب، غرائب، مراکب، مذاہب، مشارب، مصائب، مطالب، مغارب، مکاتب، مناصب، مناقب، مسالک، ممالک، مہالک، ملائک، مناسک، محاسن، مخازن، مساکن، معادن، خزائن، دفائن، مدائن، بدائع، صنائع، طبائع، مجامع، مواقع، موانع، حوادث، مباحث، مدارس، مجالس، تحائف، وظائف، مصارف، معارف، حوائج، نتائج، مخارج، مصالح، برازخ، روابط، ضوابط، حواشی، اراضی، نواہی، لوازم، حوادث، معابد، معاند۔

مندرجہ بالا تمام الفاظ جمع ہیں۔

مُفَکِّرْ ـــــ (مُ ۔ فَکْ ۔ کِرْ)

(۳۲) پہلا حرف مضموم دوسرا مفتوح تیسرا مشدّد مکسور چوتھا ساکن

مبشّر، مبصر، محرر، مخیر، مدبر، مصور، مفکر، مقرر، مجدد، مقلد، محصل، مطول، مصنف، مؤلف، محرک، مدرس، ملبس، محقق، مصدق، مدون، مقنن، مرتب، محدث، محرف، مخرب۔

یہ تمام الفاظ اسم فاعل ہیں: مجوز، ممیز، مؤثر، مذکر، مبشر، مفسر۔

مُحَمَّدْ ـــــ (مُ ۔ حَمْ ۔ مَدْ)

(۳۱) پہلا حرف مضموم دوسرا مفتوح تیسرا مشدد مفتوح چوتھا ساکن:

مدبر ، مخمر ، مذکر ، مصفر ، مصور ، مقطر ، معمر ، مقدر ، مقشر ، مقصر

مقطر ، مکسر ، مکدر ، منور ، موخر ، مجرب ، محدب ، مخرب ، مخضب

مرتب ، مرکب ، معرب ، مقرب ، مکعب ، ملقب ، مہذب ، مجسم

محرم ، مسلم ، مصمم ، معظم ، مکرم ، مخمس ، مسدس ، مقدس ، ملبس

مفرس ، مبدل ، محلل ، مدلل ، مطول ، معجل ، مفصل ، مقفل ، مکمل

محرف ، مخفف ، مشرف ، مسقف ، مکلف ، مجرد ، مشدد ، مقید

مثلث ، مخنث ، مرصع ، مرقع ، مسجع ، مسطع ، مثمن ، مدرن

مزین ، ممیز ، منزہ ، مبرا ، مثنیٰ ، مصفی ، مقفیٰ ، مہیا

مروج ، معلق ، مسمط ، مغلظ ، مجلد۔ یہ تمام الفاظ مفعول ہیں

مَحْبُوْب — (مَحْ۔ بُوْ۔ بْ)

(۳۴) پہلا حرف مفتوح دوسرا ساکن تیسرا مضموم چوتھا اور پانچواں ساکن

مبذول ، مجہول ، محصول ، محلول ، محمول ، مدخول ، مسئول ، مشغول

معزول ، معقول ، معمول ، مفعول ، مقبول ، منقول ، مجزوم ، محروم

محکوم ، مخدوم ، مرحوم ، مسموم ، مظلوم ، معدوم ، معلوم ، معموم ، مفہوم

مکتوم ، مجذوب ، مجوب ، مجبوب ، محسوب ، مرطوب ، مشروب

مصلوب ، مضروب ، مطلوب ، معتوب ، مغلوب ، مکتوب ، مندوب

منسوب ، مجبور ، مذکور ، مسرور ، مسطور ، مشکور ، مشہور ، مقہور

منشور ، منصور ، منظور ، مہجور ، مجنون ، محزون ، مختون ، مدفون

مسنون ، معجون ، مفتون ، مکنون ، ملعون ، محدود ، محمود ، مردود

مسدود ، مسجود ، مسعود ، مشہود ، معبود ، معہود ، مقصود ، ممدا

محذوف ، معروف ، مکشوف ، ملفوف ، متروک ، مشکوک ، مفلوک ، مملوک ، مبسوط ، مخلوط ، مشروط ، مجبوس ، محسوس ، منصوص ، مخدوش ، منقوش ، مخلوق ، مدقوق ، مبغوض ، مقروض ، مبعوث ، مبہوت ۔
یہ تمام الفاظ مفعول ہیں ۔

شُعَرَاْ ـــــ (شُ ۔ عَ ۔ رَاْء)

(۳۵) پہلا حرف مضموم دوسرا مفتوح تیسرا مفتوح چوتھا ساکن

ادبا ، امرا ، بخلا ، بلغا ، جہلا ، حکما ، حمقا ، خطبا ، خلفا ، رفقا ، رؤسا ، زعما ، سفرا ، سفہا ، شرکا ، شرفا ، شعرا ، صلحا ، فصحا ، فقرا ، فقہا ، فضلا ، عقلا ، غربا ، قدما ، ورثا ، وزرا ، وکلا ، نقبا ، ندما ۔ یہ تمام الفاظ جمع ہیں ۔

کُفّاْر ـــــ (کُفْ ۔ فَاْرْ)

(۳۶) پہلا حرف مضموم دوسرا مشدّد مفتوح تیسرا اور چوتھا ساکن

تجار ، حضار ، فجار ، کفار ، جہال ، عمال ، حساد ، زہاد ، عشاق ، فساق ، حکام ، خدام ، سکان ، شبان ، حفاظ ، حجاج ، حراث ، مہام ۔
یہ تمام الفاظ جمع ہیں ۔

مُسَاْفِرْ ـــــ (مُ ۔ سَ اْ ۔ فِرْ)

(۳۷) پہلا حرف مضموم دوسرا مفتوح تیسرا ساکن چوتھا مکسور پانچواں ساکن

مسافر ، مشاور ، مظاہر ، معاصر ، مقامر ، مناظر ، مہاجر ، مطابق ، منافق ،

موافق، مجاہد، مساعد، مشاہد، محارب، محاسب، مخاطب، مصاحب، مناسب، مجادل، معادل، مقابل، مقاتل، مخاصم، مزاحم، ملازم، مزارع، مضارع، محافظ، معالج، مباحث، منافر، ملاعب، منازع؛

یہ تمام الفاظ اسم فاعل ہیں۔

خَلَّاقْ ــــ (خَلْ - لَاْ - قْ)

(۳۸) پہلا حرف مفتوح دوسرا مشدّد مفتوح تیسرا اور چوتھا ساکن

بقال، حبال، حیال، حمال، دجال، دلال، رمال، زجال (کبوتر باز)، غسال، فعال، قوال، نقال، ہزال، بواب، تواب، حطاب، قصاب، کذاب، بقار، تیار، جبار، جرار، ددار، زخار، زوار، ستار، سیار، ضرار، طرار، عیار، غدار، کرار، بشاش، حشاش، عیاش، فراش، قلاش، نقاش، ہشاش، جلاد، حداد، حماد، صیاد، بسام، حجام، حمام، علام، قسام، نمام، حساس، عباس، عکاس، رقاص، غواص، وقاص، خلاق، رزاق، طلاق، قزاق، مشاق، خطاط، خیاط، حلاج، مواج، حلاف، صراف، کشاف، نداف، خباز، غماز، دراک، سفاک، جراح، سیاح، صناع، طباع، حسان، فیاض۔ یہ تمام الفاظ مبالغہ کے ساتھ اسم فاعل ہیں۔

مُسْتَقِلْ ــــ (مُسْ - تَ - قِلْ)

(۳۹) پہلا حرف مضموم، دوسرا ساکن، تیسرا مفتوح، چوتھا مکسور، پانچواں ساکن

مستقل، مشتعل، مشتمل، منتقل، معتزل، مشتہر، منتشر، منتظر،

مجتنب ، محتسب ، مرتکب ، مضطرب ، منتخب ، منسلک ، مجتہد ، مستعد ،
معتقد ، منعقد ، معترف ، معتکف ، منعطف ، محترم ، معتصم ، منتقم ،
مہتمم ، مبتدع ، مخترع ، مستمع ، ملتمس ، معترض ، مستحق ، ملتفت ،
مرتعش ، مرتہن ، مرتشی ، ملتوی ، مبتدی ، ملتجی ، مقتدی ، مقتضی
منتہی ۔ یہ تمام الفاظ اسم فاعل ہیں۔

مُعْتَبَرْ —— (مُعْ ۔ تَ ۔ بَرْ)

(۴۰) پہلا حرف مضموم دوسرا ساکن تیسرا چوتھا مفتوح پانچواں ساکن
مختصر ، معتبر ، مستقر ، منتظر ، مقتدر ، محترم ، مغتنم ، مستحب ،
منتخب ، مرتفع ، مشترک ، مبتذل ، مقتبس ، مستند ، معتمد ، مبتلا ،
منتہا ، مجتبےٰ ، مرتضےٰ ، مصطفےٰ ۔ یہ تمام الفاظ اسم مفعول ہیں۔

مُتَعَلِّق —— (مُتَ ۔ عَلْ ۔ لِق)

(۴۱) پہلا حرف مضموم دوسرا اور تیسرا مفتوح چوتھا مشدد مکسور پانچواں ساکن
متحیر ، متکبر ، متنفر ، متامل ، متحمل ، متغزل ، متوسل ، متوکل ، متبسم ،
مترنم ، متعلم ، متردد ، متشدد ، متولد ، متشرع ، متمتع ، متنوع ، متوقع ،
متدین ، متلون ، متوطن ، متیقن ، متعلق ، متملق ، متعجب ، متعصب ،
متنبہ ، متوجہ ، متجسس ، متموج ، متعدی ، متصدی ، متنبی ، متمنی ، متوفی ،
یہ تمام الفاظ اسم فاعل ہیں۔

مُتَرَادِف ــ (مُتْ۔ تَ۔ رَا۔ دِفْ)

(۴۲) پہلا حرف مضموم دُوسرا اور تیسرا مفتوح چوتھا ساکن پانچواں مکسُور چھٹا ساکن۔

متخاصم، متصادم، متلاطم، متشاعر، متواتر، متداول، متماثل، متحارب، متناسب، متعاقب، مترادف، متعارف، متفاوت، متوارث، متناقض، متقاطع، متواضع، متوازن، متسادی، متقاضی، متوازی، متلاشی، متعالی۔ یہ تمام الفاظ اسم فاعل ہیں۔

مُسْتَقْبِل ــ (مُسْ۔ تَقْ۔ بِلْ)

(۴۳) پہلا حرف مضموم دُوسرا ساکن تیسرا مفتوح چوتھا ساکن پانچواں مکسور چھٹا ساکن

مستبشر، مستنصر، مستعجل، مستقبل، مسترشد، مستعفی، مستدعی، مستقی، مستکفی، مستشرق۔ یہ تمام الفاظ اسم فاعل ہیں۔

مُسْتَحْکَم ــ (مُسْ۔ تَحْ۔ کَمْ)

(۴۴) پہلا حرف مضموم دوسرا ساکن تیسرا مفتوح چوتھا ساکن پانچواں مفتوح چھٹا ساکن:

مستحکم، مستلزم، مستعمل، مستحسن، مستخرج، مستحضر، مستثنا، یہ تمام الفاظ اسم مفعول ہیں۔

مُسْتَقِیْم ـــ (مُسْ۔تَ۔قِیْم)

(۴۵) پہلا حرف مضموم دوسرا ساکن تیسرا مفتوح چوتھا مکسور پانچواں اور چھٹا ساکن:

مستدیر، مستنیر، مستشیر، مستقیم، مستفید، مستفیض، مستجیب، مستغیث۔ یہ الفاظ اسم فاعل ہیں۔

مَدْرَسَہْ ـــ (مَدْ۔رَ۔سَہْ)

(۴۶) پہلا حرف مفتوح دوسرا ساکن تیسرا اور چوتھا مفتوح پانچواں ساکن:

محکمہ، مخمصہ، مدرسہ، مدرجہ، مرتبہ، مرحلہ، مرہمہ، مسئلہ، مشعلہ، مشغلہ، مشورہ، مضحکہ، مغلطہ، مقبرہ، بدرقہ، تفرقہ، عربدہ، مرتبت، مرحمت، مشورت، مصلحت، منفعت، منقبت۔

اِتِّحَادْ ـــ (اِتْ۔تِ۔حَادْ)

(۴۷) پہلا حرف مکسور دوسرا مشدد مکسور تیسرا مفتوح چوتھا اور پانچواں ساکن:

اتباع، اطلاع، اتحاد، اتعاد (وعدہ کرنا)، اتسام، اتہام، اتحاف (صفت کرنا)، اتفاق، اتقان (مضبوط کرنا)

اَسَاتِذَہْ ـــ (اَسَا۔تِ۔ذَہْ)

(۴۸) پہلا اور دوسرا حرف مفتوح تیسرا ساکن چوتھا مکسور پانچواں مفتوح چھٹا ساکن

اساتذہ ، افاغنہ ، اکاسرہ ، تلامذہ ، فراعنہ ، قرامطہ۔

یہ تمام الفاظ جمع ہیں۔

اَقْرِبَاْ —— (اَقْ ۔ رِ ۔ بَاْ)

۴۹) پہلا حرف مفتوح دوسرا ساکن تیسرا مکسور چوتھا مفتوح پانچواں ساکن

اتقیا ، اذکیا ، اسخیا ، اشقیا ، اصفیا ، اغبیا ، اغنیا ، اقویا ، اولیا ، انبیا۔ یہ تمام الفاظ جمع ہیں۔

مِعْرَاْج —— (مِعْ ۔ رَاْجْ)

۵۰) پہلا حرف مکسور دوسرا ساکن تیسرا مفتوح چوتھا پانچواں ساکن

محراب ، مزراب (پرنالہ) ، مضراب ، معراج ، مزمار (بانسری) ، مقصار (نچوڑنے کا آلہ) ، معیار ، منشار ، منقار ، مثقال ، مقتال ، مقوال ، منوال ، مصباح ، مفتاح ، مرصاع (لٹو) ، مسماع ، مصراع ، مقطاع ، مخراط (خراد) ، مشراط (نشتر) ، مرقاق (بیلن) ، مصداق ، مسواک ، مقیاس ، مکناس (جھاڑو) ، مہراس (ہاون) ، مسحات (بیلچہ) ، منسات (لاٹھی) ، منقاش ، مقراض۔

یہ تمام الفاظ اسم آلہ ہیں عربی زبان میں اگر کوئی لفظ اسم آلہ ہو اور میم سے شروع ہوتا ہو تو میم ہمیشہ مکسور ہوتا ہے۔

مُحَبَّتْ —— (مُ ۔ حَبْ ۔ بَتْ)

۵۱) مندرجہ ذیل الفاظ کا پہلا حرف مفتوح :

محبت، مذلت، مسرت، مشقت، مضرت۔

وَصِیَّت ـــ (وَ صِی یَت)

(۵۲) پہلا حرف مفتوح دوسرا مکسور تیسرا مشدد مفتوح چوتھا ساکن

اذیت، بریت، تحیت، جنیت (پہلو)، حمیت، خشیت، رعیت، مشیت، معیت، کمیت، وصیت، بقیہ، بکیہ (رونی عورت)، بلیہ، تقیہ، تہیہ، ثنیہ (آگے کا دانت)، نجیہ، رضیہ، رویہ، ذکیہ، صفیہ، شکیہ، عطیہ، قضیہ،

مندرجہ ذیل الفاظ کا پہلا حرف مفتوح ہے:

ارمان، ارزاں، درماں، ہذیان، یرقان، یزدان، مرجان، مبادا، متوالا، گھسیارا، گھمسان، کنعان، اشنان، چکنا چور، ٹکسال، ڈکار۔

مندرجہ ذیل الفاظ کا پہلا حرف مکسور ہے

ازمیر، اکسیر، انجیر، قندیل، انجیل، ابلیس، ادریس، اقلیم، مسکین، زندیق، عزرائیل، اسفنج، الیاس، سفارش، اصطبل، فردوس، فنجان، فرشتہ، الائچی، سپاٹ، رضا، شفا، ضیا، طلا، غنا، پشواز۔ بریان، پنہاں، حرمان، دہقان، رضوان، زندان، گریاں، عرفان، عصیان، غلمان، طہران، مژگان، نسیان، وجدان، دقیانوس، اطریفل، گریبان، اسفندیار، چنگیز، ازاربند،

مندرجہ ذیل الفاظ کا پہلا حرف مضموم ہے:

بحران، برہان، بستان، بطلان، بنیان، جزدان، رجحان، طغیان،

عدوان ، عریان ، دشنام ، یُوسُف ، یُونس ، فقدان ، لبنان ، مرتاض ، عنصر ، وضو ، خسران ، سومنات

جو لفظ فارسی زبان کا حاصل مصدر ہو اور شین پر ختم ہوتا ہو تو آخری شین سے پہلا حرف ہمیشہ مکسور ہوتا ہے۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے آخری حرف سے پہلا مکسور ہے :

تپش ، چپکش ، روش ، کشش ، بارش ، تابش ، خارش ، خواہش ، دانش ، کاوش ، نالش ، مالش ، ارزش ، گردش ، لرزش ، لغزش ، ورزش ، بینش ، پیچش ، ریزش ، بخشش ، رنجش ، جنبش ، پرستش ، پوشش ، جوشش ، شورش ، کوشش ، نگارش ، نوازش ، نمائش ، ستائش ، آزمائش ، آرائش ، آسائش ، آلائش ، آفرینش ، آویزش ، آمیزش ، پیمائش ، فرمائش ، فہمائش ، گنجائش وغیرہ۔

(۵۳) اِسْتِفَادَہْ — (اِسْ۔ تِ۔ فَا۔ دَہْ)

پہلا حرف مکسور دوسرا ساکن تیسرا مکسور چوتھا مفتوح پانچواں ساکن چھٹا مفتوح ساتواں ساکن

استحالہ ، استخارہ ، استعارہ ، استفادہ ، استفاضہ ، استغاثہ ، استطاعت ، استقامت ، استعانت ، استراحت ۔

(۵۴) مندرجہ ذیل الفاظ میں پہلے حرف پر " ـَ " فتحہ ہے :

اڑیل ، سڑیل ، کڑیل ، مریل ، نریل ، نرسل ، چپیل ، زٹیل

(۵۵) مندرجہ ذیل الفاظ میں نون ہے نون غنہ نہیں:
بجا نجا، کنبہ، پینگ، تنکا، بھنک، بھیانک، جھنک، دھنک، جھنکار، پھنسی، تنک، بھلا مانس۔

(۵۶) مندرجہ ذیل الفاظ میں نون غنہ ہے نون نہیں:
بھونرا، بھنور، چنور، ہنسی، دھونس، ہنسنا، پھنسنا، دھنسنا۔

(۵۷) مندرجہ ذیل الفاظ میں یائے مجہول ہے:
تیور، دبیل، ددھیل، ٹھیس، ٹھیٹ، جھمیلا، سوتیلا، رگیدنا، ڈھیلا، جھیلنا۔

(۵۸) مندرجہ ذیل الفاظ میں واؤ مجہول ہے:
لومڑی، گوند، گھنگھور، شرابور، ٹھٹھول، غول، مول۔

(۵۹) مندرجہ ذیل میں واؤ معروف ہے:
سونا، کھوسٹ، بگولا، بجھوکا، ٹھونسنا، دھول (غبار)۔

---

(۶۰) ادھیڑ عمر میں ادھیڑ کے الف پر فتحہ ہے۔ ادھیڑ بن میں ادھیڑ کے الف پر ضمہ ہے۔ نشو و نما میں "نما" کے نون پر فتحہ ہے۔ ضمہ لکھنا صریحاً غلط ہے۔ حیران کن بات یہ ہے کہ نصابی کتابوں میں "نما" کے نون پر بہت اہتمام سے ضمہ ڈال دیا گیا ہے۔ یہ "نما" "راہ نما" والا نہیں ہے یہ عربی زبان کا ہے اور اس کے معنی ہیں ترقی کرنا، بڑھنا۔

زرہ میں "ز" اور "ر" دونوں مکسور ہیں۔

جہنم کا "ن" مفتوح ہے۔

مترجم۔ اس لفظ کے چار تلفظ ہیں۔ مُترَجِم: ترجمہ کرنے والا۔

مُتَرجَم ترجمہ کیا ہُوا۔
مُترَجِّم : پتھر مارنے والا۔ مُترَجَّم : جس کو پتھر مارے جائیں۔
مندرجہ ذیل کا پہلا حرف مکسور ہے
دِلیر۔ بِچھونا۔ پِرونا۔ بِلونا۔ بِلّور۔ بِھگونا
بہت : کی ب پر فتحہ اور ہ پر ضمّہ ہے

(۶۱) عربی اور فارسی کے وُہ الفاظ جن کا پہلا حرف مفتوح ہو اور دُوسرا حائے حُطّی (ح) یا ہائے ہُوّز "ہ" ہو تو پہلے حرف کی فتحہ کو لمبا کر پڑھا جاتا ہے مثلاً نحو۔ تحریر۔ محفل۔ رحم۔ سہم۔ وہم۔ شہر۔ نہر زہر۔ قہر۔ دہر وغیرہ

(۶۲) وُہ الفاظ جو "گ" پر ختم ہوتے ہوں اور "گ" سے پہلے "ن" ہو تو وُہ الفاظ "گ" پر زور دے کر پڑھے جاتے ہیں۔
بھنگ۔ جنگ۔ چنگ۔ دنگ۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ سنگ۔ ننگ
پلنگ۔ پتنگ۔ تفنگ۔ ملنگ۔ درنگ۔ آہنگ وغیرہ

مُحِبّ ۔ (مُ ۔ حِبّ)

پہلا حرف مضمُوم، دُوسرا مکسُور اور تیسرا مشدّد :
محب۔ مصر۔ مضل (گمراہ کرنیوالا)۔ مظل (سایہ دینے والا)
معز (عزّت دینے والا)، مفر (فرار ہونے والا)۔ مکب (اُوندھے مُنہ گرنے والا)
مِمد۔ لیکن مخل اور مصر کا آخری حرف مشدد نہیں ہے۔

الفاظ اور املا کی اغلاط

غلط	درست	غلط	درست	غلط	درست
ادائیگی	ادائی	بے نیل مرام	بے نیل مرام	دن بدن	روز بروز
اعلانیہ	علانیہ	برائے مہربانی	براہِ مہربانی	دوائی	دوا
اسلامیان پاکستان	مسلمانانِ پاکستان	بوقتِ ضرورت	وقتِ ضرورت	دھنی خُورد	دھنی خرد
اژدحام	ازدحام	بہبُودی	بہبُود	دوئم	دوم
استعفےٰ	استعفا	پشیمانگی	پشیمانی	رہائش گاہ	قیام گاہ، اقامت گاہ
اغلباً	غالباً	تا ہنوز	ہنوز	رہگذر	رہگزر
الف لیلیٰ	الف لیلہ	تابعدار	تابع، تابع فرمان	سوئم	سوم
اندازاً	تخمیناً	تقرری	تقرُّر	سرگودہا	سرگودھا
انتظاری	انتظار	تنزّلی	تنزّل	شائد	شاید
انکساری	انکسار	تمغۂ خدمت	تمغائے خدمت	شور وغل	شور غل
اہلِ ہنود	اہلِ ہند یا ہنود	جھلم	جہلم	عاجزی	عجز
باآسانی	بآسانی	چوہدری	چودھری	عبدالطیف	عبداللطیف
بارات	برات	چیخ و پکار	چیخ پکار	عجُوبہ	اُعجوبہ
بالمشافہ	بالمشافہہ	حامی بھرنا	ہامی بھرنا	علیحدہ	علٰحدہ
برسہا برس	سالہا سال	حیرانگی	حیرانی	عیدُالضحیٰ	عیدالاضحیٰ
برخلاف	خلاف	خریت	خیریت	عنصر اقبال	النصر اقبال
برادرم عزیز	برادرِ عزیزم	خود رفتہ	از خود رفتہ	غرضیکہ	غرضکہ
بمع - بمعہ	مع	دارھی	ڈاڑھی	غیض و غضب	غیظ و غضب

غلط	درست	غلط	درست	غلط	درست
فرد دلبشر	فردِ بشر	گذرگاہ	گزرگاہ	نقصِ امن	نقضِ امن
فلیستہ	فتیلہ	گذارش	گزارش	نورِ چشمی	نورِ چشم
نوتیدگی	وفات	گوجرانوالہ	گوجرانوالا	عاشورہ	عاشورا
فی الواقعی	فی الواقع	لاپروائی	بے پروائی	خیریت نیک مطلوب چاہتا ہوں	خیریت نیک مطلوب ہے
قریب المرگ	قریب الموت	لاچار	ناچار		
قُلفی	قفلی	مشکور	شکر گزار ممنون	سبزۂ نورُستہ	سبزۂ نورستہ
قمیض	قمیص	معمہ	معما	سبزۂ خود رد	سبزۂ خودرَو
کرم نوازی	کرم فرمائی	ناراضگی	ناراضی	خربوزہ	خربزہ
بُرا منانا	بُرا ماننا	گالی نکالنا	گالی دینا	معرکۃ الآرا	معرکہ آرا

متفرق الفاظ

اُزبک - اَندُلس - اُشنُ - چپقلش - بُزدِت - عُقوبَت -
یُبُوسَت - کاکُل - کُنِشت - کلیسا - گُلبَن - مَرثِیَہ - مُزدُور -
مَشّاطہ - نازُک - ہراول دَستہ - ہرقل - ہُرمُز - ہُمایُوں مُسکرات
اُلُوہیَّت - مُطّلِع (خبردار کرنیوالا) - مُطّلَع (جس کو اطلاع دی گئی ہو) - مطلع
(طُلُوع ہونے کی جگہ) - (غزل کا پہلا شعر) - ہَیُزم - آزرم -

فلسفہ - آذرش - اَلمیہ - طَربیہ - تلازمہ - جبلت - حیثیت - ماحصل -
ماحضر - منطقہ - نظریہ -

پی ڈی ایف by
سید حسین احسن
فیس بک گروپ
کتابیں پڑھئے
03145951212
03448183736
Photex